© rasailojaraid.com



ساغر اقبالی

# زباں میری ہے بات ان کی

○ شریعت کا راستہ روکنے کے لئے تمام طبقے اٹھ کھڑے ہوں (عابد حسن منٹو)

جن کے دلوں میں دین پیمبر سے ہے عناد

ان کے سروں پہ ضرب کلیمانہ چاہئے

○ بے نظیر کے پلے کچھ نہیں رہا۔ (شہباز شریف)

آپ بہتر جانتے ہوں گے

○ جمہوریت میں ریاست کا کوئی مذہب نہیں ہوتا (شہباز بھٹی)

سچ کہا تم نے۔۔۔کھلے ای کھاؤ تے ننگے ای نہاؤ!

○ پڑوسی افغان سرحدوں کا احترام کریں (امریکہ)

اور دور والے میزائل پھینکتے رہیں۔ لعنت ہے تم پر

○ شریعت اوپر سے مسلط نہیں کی جارہی (نواز شریف)

آپ کا فرمان بجا مگر......پہلے اپنے اوپر شریعت نافذ کریں۔

○ وقت آنے پر ایک ہی مکے سے حکومت ختم کردیں گے (زرداری)

اتنے میں کوئی اور مونچھیں صاف کرنے والا آجائے گا۔

○ قرآن و سنت کی بالادستی پر مکمل اتفاق رائے ہے۔ (صدر تارڑ)

مگر افسوس! نافذ نہیں کرسکتے۔

○ ۷۳ء کا آئین خطرے میں ہے (ولی خان)

خو! طالبان سب ٹھیک کردیں گے۔

○ لاہور کے سترہ پولیس افسروں کے اداکاراؤں سے تعلقات ہیں۔ (ڈی آئی جی لاہور)

چکلہ اور کسے کہتے ہیں؟

○ نواز شریف کو نفاذ شریعت سے روکیں (بے نظیر کا کلنٹن کو خط)

بی بی کو ''کلنٹن والا نظام'' پسند ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



- اللہ خیر کرے گا آپ کا نمبر جلد لگے گا" بابا دھنکہ نے شیر پاؤ کو تین چھڑیاں لگائیں (ایک خبر)

دنیا میں جب تک بے وقوف موجود ہیں کوئی بھوکا نہیں مرتا۔

- نفاذ شریعت۔ میری نیت صاف ہے (نواز شریف)

جنرل ضیاء الحق کی نیت بھی صاف تھی۔

- بیورو کریسی کی پر تعیش اور بے جا سہولیات ختم کرنے کا فیصلہ۔ (ایک خبر)

کون ختم کرسکتا ہے؟ بیورو کریسی کے ہم جنس حکمران؟

- قائد اعظم روشن خیال تھے۔ پاکستان میں نفاذ اسلام نہیں چاہتے تھے۔ (حنیف رامے)

قائد اعظم کیا چاہتے تھے؟ پچاس برس ہو گئے یہ معمہ حل نہیں ہوا۔

- اسامہ بن لادن میری حکومت کے خلاف تھے (بے نظیر)

وہ امریکہ کو آنکھیں دکھا رہا ہے۔ کیا اوقات ہے تمہاری؟

- اسلام کو اوپر سے نافذ کرنے کی کوشش اچھی نہیں (ایس ایم ظفر)

کہ اس طرح نیچے سے آپ کی جمہوریت زخمی ہوتی ہے۔

- ہم شریعت کا نفاذ نہیں ہونے دیں گے (شہباز بھٹی)

اسے سفلہ و بد اصل و بد زبان ...... آ رہے ہیں طالبان

- نواز شریف خود محلات میں رہتے ہیں اور غریب سے کہتے ہیں آدھی پیالی چائے پیئیو۔ (بے نظیر)

بقیہ ص ٦١ پر

بقیہ از ص ٦٤

## قاری محمد عبداللہ رحمہ اللہ رحلت فرما گئے

مصاحبِ امیر شریعت حضرت مولانا قاری محمد عبداللہ رحمہ اللہ (تونسوی) گزشتہ ماہ انتقال کر گئے مرحوم ہمارے بہت ہی مہربان اور حضرت امیر شریعت رحمہ اللہ کے عقیدت مندوں میں سے تھے اور ابناء امیر شریعت سے بہت ہی محبت و پیار سلوک کرتے تھے۔

آپ کی شخصیت کا تعارفی اور تعزیتی مضمون ان شاءاللہ آئندہ اشاعت میں ملاحظہ فرمائیے۔

ادارہ نقیب ختم نبوت کے اراکین تمام مرحومین کے لئے دعاء مغفرت کرتے ہیں اور پسماندگان کے لئے صبر جمیل کی دعاء کرتے ہیں۔ قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لئے دعاء مغفرت اور ایصال ثواب کا اہتمام فرمائیں۔ اللہ تعالی سب کی مغفرت فرمائے، درجات بلند فرمائے اور پسماندگان کو صبر عطاء فرمائے (آمین)

© rasailojaraid.com